© rasailojaraid.com

**ماہنامہ درویش** | مدیر : ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی ۔ (بیاد خواجہ حسن نظامی دہلوی رح)

فی پرچہ آٹھ روپے ۔ سالانہ چندہ -/۸۰ روپے ۔ پتہ : مینجر "ماہنامہ درویش" ۴۵ عبدالکریم روڈ لاہور ۶

خواجہ عابد نظامی صاحب بڑے وضع دار، نیک دل، محبِ صوفیا اور نعت گو ہیں ۔ اسی لیے وہ درویشی میں خواجگی کرتے ہیں ۔ ورنہ وہ اگر بادشاہی یا لادین جمہوریت کی وزارتِ عظمٰی پہ دستِ حق طلبی رکھ دیں تو کسے مجالِ مزاحمت ۔ وہ "شانِ ضیائی" بھی رکھتے ہیں (ماہنامہ ضیاء اور ضیا ۔ القرآن سند میں) اور مقام بے نظیری بھی ۔ نواب مشتاق احمد صاحب سے لے کر ملا واحدی (مرحوم) اور دایم اسلم (مرحوم) اور حفیظ تائب جیسے حضرات کی بلند نگارشات کے قالینوں میں انہوں نے میرا ایک ملیشیے کا ٹکڑا بھی گانٹھ دیا ہے ۔ مگر نہ کوئی چارہ ہے، نہ مجال شکوہ ۔ ابھی کیا معلوم کہ وہ ہر مہینے ہمارے ساتھ جمہوری حکومت کی طرح کیا کیا کریں گے ؟

---

**منہاج القرآن** | سرپرست : مولانا طاہر القادری ۔ مدیر اعزازی : جاوید القادری ۔

قیمت فی شمارہ -/۵ روپے ۔ زرسالانہ -/۵۰ روپے ۔

یہ ایک دینی رسالہ ہے ۔ مضامین میں تنوع ہے ۔ اس کا رنگ خاص ہے ۔

---

**فکر و نظر** | مدیر ڈاکٹر ظفر اسحاق انصاری و دیگر اکابر ۔ سہ ماہی (از محمود احمد غازی)

رسالہ، کاغذ، طباعت، ٹائیٹل، مندرجات سبھی بہت خوب ۔ جلد ۲۶، شمارہ ۴ میں خصوصاً پہلا مضمون "قواعد کلیہ اور ان کا آغاز و ارتقاء" (از محمود احمد غازی) اصول فقہ کے متعلق بڑا پیارا مضمون ہے ۔ بڑی علمی باتوں کو اتنا عام فہم بنا کر پیش کیا گیا ہے کہ ہم جیسے غیر فقیہ بھی بہت کچھ پا لیتے ہیں، چنانچہ بہت پڑھا ۔ بقیہ تمام مضامین بھی علمی و تحقیقی اور قابلِ قدر ہیں ۔

قیمت فی شمارہ دس روپے ۔ ناشر : ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، الجامعۃ الاسلامیہ العالمیہ، اسلام آباد ۔

---

© rasailojaraid.com